7419 ـ نفاس والی عورت زرد پانی خارج ہونے کی حالت میں کیا کرے ؟

سوال

دوران نفاس چالیس یوم میں زردی مائل پانی خارج ہونے کا حکم کیا ہے، کیا میں نماز اور روزہ کی ادائیگی کروں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ولادت کے بعد عورت سے خارج ہونے والے مادے کا حکم نفاس والے خون کا ہی ہے، چاہے وہ عام خون ہو یا پھر زرد مادہ یا گدلا پانی کیونکہ یہ عادت کے وقت میں آیا ہے، حتی کہ چالیس یوم مکمل ہو جائیں.

اور اس کے بعد اگر عام خون ہو اور اس میں کوئی وقفہ نہیں ہوا تو یہ نفاس کا خون ہے، اور اگر وقفہ ہوا ہے تو یہ استحاضہ وغیرہ کا خون ہوگا.

واللہ اعلم .